27-08-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ ریاست کے مختلف مقامات پر بھاری بارش۔ ندی اور نالوں کی پانی کی سطح میں اضافہ۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے بارش کے پیش نظر عہدیداروں کو چوکس رہنے کی دی ہدایت۔

۲۔ ریاست میں مزید دو دنوں تک ہوگی بارش۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات نے کی پیش قیاسی۔

۳۔ ریاست بھر میں گنیش تہوار کا آج سے ہوا آغاز۔ خیریت آباد پر واقع گنیش مورتی کی گورنر جشنو دیو ورما نے کی پہلی پوجا۔

اور

۴۔ ریاست کے اسمبلی مانسون سیشن کا اس ماہ کی 30 تاریخ سے ہوگا آغاز۔

CM Rain

ریاست میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے ریاست میں ہونے والی بارش کے پیش نظر تمام محکمہ جات کے عہدیداروں کو چوکس رہنے کی ہدایت دی۔ انہوں نے پرانے بوسیدہ مکانات میں رہنے والے افراد کو محفوظ مقامات کو منتقل کرنے کی ہدایت دی۔ ہائیڈرا، جی ایچ ایم سی، این ڈی آر ایف، فائر محکمہ پولیس کو آپسی تال میں کے ساتھ راحت کاری کاموں کو انجام دینے کی ہدایت دی۔ ندی، نالوں، کاج وے اور کلورٹ پر سے پانی بہنے والے مقامات پر آمد و درفت پر پابندی لگانے کی ہدای ت دی۔ انہوں نے کہا کہ تالابوں، کنٹوں میں شگاف پڑنے کے امکانات ہیں، اس ضمن میں محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں کو چوکس رہنے پر زور دیا۔ موسمی امراض کو پھیلنے سے روکنے کے لئے صفائی کے خصوصی انتظامات کرنے کی بھی ہدایت دی۔ ضرورت والے مقامات پر میڈیکل کیمپس منعقد کرنے کی بھی ہدایت دی۔ انہوں نے گنیش منڈپوں کے قریب برقی کھمبوں، برقی ٹرانس فارمرس کے خطرات

سے محفوظ رہنے کیلئے چوکس رہنے کی بھی ہدایت دی۔اس کے علاوہ بارش زیادہ ہونے والے مقامات کامار یڈی، میدک ضلع کے کلکٹرس کو چوکس رہنے پر زور دیا۔ کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لئے تمام محکمہ جات کو چوکس رہنے کی ہدایت دی۔این ڈی آر ایف، ایس ٹی آر ایف کا تعاون حاصل کرنے ریاستی چیف سکریٹری کو ہدایت دی۔

Sanjay Auto Distribute

مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے کریم نگر میں ڈرائیونگ کی ٹریننگ مکمل کرنے والے پندرہ خواتین میں آٹو تقسیم کیئے۔ان میں گیارہ آٹو مسافرین کے اور چار آٹو اشیاء کی منتقلی کے ہیں۔اس موقع پر بنڈی سنجے کمار نے کہا کہ مستقبل میں ڈرائیونگ میں ٹریننگ حاصل کرنے والی خواتین میں آٹو تقسیم کرنے کا بھی تیقن دیا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین ہر میدان میں آگے بڑھ رہی ہیں۔

Sound Byte

vinayaka chavithi

ریاست میں گنیش تہوار کا آج مذہبی عقیدتمندی کے ساتھ آغاز ہوا۔عقیدتمند مذہبی عقیدت واحترام کے ساتھ گنیش تہوار کو منارہے ہیں۔حیدرآباد کے خیریت آباد پر گنیش مورتی کی گورنر جشنو دیو ورما نے پہلی پوجا کی۔ اس موقع پر ریاستی وزیر پونم پربھاکر، رکن اسمبلی دانم ناگیندر اور دیگر قائدین نے بھی گنیش مورتی کی پوجا کی۔ یہ گنیش مورتی 69 فٹ بلند اور 28 فٹ چوڑائی پر مشتمل ہے۔ شدید بارش کے باوجود عقیدتمند گنیش مورتی کی پوجا کیلئے بڑی تعداد میں آرہے ہیں۔

PM - MANN KI BAAT:

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرونی ممالک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 125 واں ایپی سوڈ رہے گا۔آکاش

وانی اور دوردرشن کے تمام نٹ ورکس کے علاوہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور مرکزی اطلاعات و نشریات کے یوٹیوب چینل پر نشر ہوگا۔ علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دوبارہ نشر ہوگا۔ تمام آکاش وانی حیدرآباد کیندر پر اسی روز رات 8 بجے من کی بات پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

## Assembly Session

ریاستی اسمبلی کے مانسون سیشن آغاز اس ماہ کی 30 تاریخ سے آغاز ہوگا۔ اس ضمن میں اسمبلی کے سکریٹری وی نرسمہا چاریلو نے نوٹیفکیشن جاری کیا۔ کالیشورم لفٹ اریگیشن اسکیم پر جسٹس پی سی گھوش کمیشن کی جانب سے دی گئی رپورٹ کو ریاستی حکومت اسمبلی میں پیش کرے گی۔ اسمبلی کے ایجنڈہ کو ابھی قطعیت نہیں دی گئی ہے لیکن زرعی کھاد اور دیگر عوامی مسائل پر اسمبلی میں مباحث ہونے کا امکان ہے جبکہ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کی صدارت میں کابینہ کا اجلاس جمعہ کی دوپہر منعقد ہوگا۔

## Rain Kamaredy

کاماریڈی ضلع میں ریکارڈ سطح پر بارش ہوئی ہے۔ راجم پیٹ منڈل کے اروگنڈا میں 363.8 ملی میٹر، بھکنور میں 238 ملی میٹر اور اس کے علاوہ کاماریڈی منڈل پاتاراجم پیٹ منڈل میں 215.3 ملی میٹر بارش ہوئی ہے۔ موسلا دھار بارش کے پیش نظر عہدیداروں نے عوام سے کہا کہ وہ بلاضرورت گھروں سے باہر نہ آئیں۔ ضرورت پڑنے پر ضلع کلکٹر کے دفتر کنٹرول روم نمبر 08468220069 پر رابطہ پیدا کرنے عوام کو ہدایت دی۔ ضلع کے کئی نشیبی دیہات زیر آب آگئے ہیں۔ مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے ضلع کلکٹر آشیش سنگوان سے فون پر بات کرتے ہوئے تفصیلات حاصل کیں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ عوام کی مدد کیلئے این ڈی آر ایف پوری طرح تیار ہیں۔ راحت کاری کاموں کو انجام دینے کلکٹر پر زور دیا۔

Rain Railway

موسلا دھار بارش کے پیش نظر حیدرآباد ڈویژن کے مختلف سیکشنوں میں ساؤتھ زون ریلوے نے مختلف ٹرینوں کو ردکردیا۔بعض کو جزوی طور پر منسوخ کردیا گیا اور بعض ٹرینوں کا رخ دوسری طرف موڑ دیا گیا۔بکنور،تلماڈلا سیکشن،اکنا پیٹ،میدک سیکشن میں ریلوے ٹریکوں پر پانی جمع ہوا ہے جس کی وجہ سے آمد و درفت میں رکاوٹ پیدا ہونے کا محکمہ ریلوے کے عہدیداروں نے اعلان کیا۔ تروپتی، عادل آباد، کرشنا اکسپریس کو ورنگل، قاضی پیٹ کی طرف موڑ دیا گیا ہے۔ حیدرآباد، جئے پور اکسپریس ریل کو سکندرآباد، قاضی پیٹ کے اوپر سے چلانے کا اعلان کیا۔اس کے علاوہ کل تروپتی ،نظام آباد، رائلسیما اکسپریس کو رد کیا ہے۔ناندیڑ سے وشاکھاپٹنم جانے والی اکسپریس ریل کو چرلہ پلی کے قریب روک دیا گیا۔

Bandi Sanjay Karimnagar

کاماریڈی ضلع کے کئی مواضعات بارش کی وجہ سے زیرآب آگئے ہیں۔اس ضمن میں مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے عہدیداروں کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔بارش سے متاثرہ عوام کی راحت کاری اور بچاؤ کاموں کے لئے این ڈی آر ایف کے عہدیداروں سے بات کرنے کا اعلان کیا۔انہوں نے این ڈی آر ایف ضلع کلکٹر کے ساتھ آپسی تال میل کے ذریعہ راحت کاری کاموں کو انجام دینے کی ہدایت دی۔

Sound Byte.

One Drown Rajanaserial

راجنا سرسلہ ضلع کے گمبھی راؤ پیٹ منڈل،نرملا مانیرو پراجکٹ کی سطح آب میں اضافہ ہوا ہے۔پانی کی سطح آب میں اضافہ کی وجہ سے پانچ چرواہے پانی میں پھنس گئے ہیں۔جس میں ایک چرواہا ڈوب گیا۔ ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا اور اور ضلع ایس پی مہیش بی گیتے نے کہا کہ ان کو بچانے کے لئے ضلعی

عہدیداروں کی جانب سے بچاؤ کام جاری ہے۔این ڈی آر ایف ٹیموں کے ذریعہ ان کو غذائی اشیاء فراہم کی جارہی ہیں جبکہ اس سے قبل مرکزی وزیر بنڈی سنجے کمار نے ضلع کلکٹر سندیپ کمار جھا سے فون کرتے ہوئے تفصیلات حاصل کی۔

Weather

ریاست میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ محکمہ موسمیات نے خلیج بنگال میں ہوا کے دباؤ میں کمی کی وجہ سے مزید دو دن ریاست میں بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔اترا تلنگانہ اور وسطی تلنگانہ کے مختلف اضلاع میں بھاری بارش کی پیش قیاسی کی ہے۔میدک، کاماریڈی ضلع کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ان دونوں اضلاع میں بھاری سے بھاری بارش کی پیش قیاسی کی گئی ہے۔ جبکہ دیگر اضلاع کیلئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ابتک کی اطلاعات کے مطابق میدک ضلع کے ٹکمال میں سب سے زیادہ بارش 19.1 سنٹی میٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔کاماریڈی ضلع کے نظام ساگر میں 18، سنگاریڈی ضلع کے نظام پیٹ میں 16.48، یادادری ضلع کے بھونگیر میں 14.93 سنٹی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

Rain Lead

ریاست میں ہونے والی بارش کی وجہ سے ریاست کے مختلف مقامات میں ندی اور نالوں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے۔مختلف علاقہ جات میں آمد و رفت بھی متاثر ہوئی ہے۔آبی ذخائر میں پانی کی سطح میں اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے آبی ذخائر سے پانی کا اخراج عمل میں لایا جا رہا ہے۔ پراجکٹ کے پانی کے بہنے والے مقامات کو چوکس رہنے کی عہدیداروں نے ہدایت دی ہے۔کاماریڈی، میدک ضلع میں ہونے والی بھاری بارش کے پیش نظر ضلعی انتظامیہ کو حکومت نے چوکس رہنے کی ہدایت دی ہے۔

Rai Asifabad

آصف آباد ضلع میں آج دوپہر سے شدید بارش ہورہی ہے۔ آصف آباد تریانی کے راستہ میں بوگا گوڑہ نالہ کے پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے جس کی وجہ سے آمد و درفت مسدود ہوکر رہ گئی ہے۔ دو دنوں تک بارش کے پیش نظر عوام کو چوکس رہنے عہدیداروں نے ہدایت دی ہے۔

yadadri bhongir

یادادری بھونگیر ضلع میں موسلا دھار بارش کی وجہ سے تالابوں اور نالوں کی پانی کی سطح میں اضافہ ہوا ہے اور کئی اہم سڑکیں زیرآب آگئی ہیں۔ جس کی وجہ سے پولیس نے آمدودرفت کو روک دیا۔ بھونگیر، چٹیالہ، نلگنڈہ اہم شاہراہ پر پانی کے بہاؤ کا ضلع کلکٹر ہنمنت راؤ نے معائنہ کیا۔ انہوں نے خطرہ کے پیش نظر پانی میں نا جانے عوام کو ہدایت دی اور مسلسل نگرانی رکھنے محکمہ ریونیو، پولیس، آبپاشی اور پنچایت راج کے عہدیداروں کو ہدایت دی۔

OO